## رہبر معظم سے نئے منتخب صدرحجۃ الاسلام والمسلمین حسن روحانی کی ملاقات - 16 /Jun/ 2013

اسلامی جمہوریہ ایران کے نومنتخب‌صدرحجۃ الاسلام والمسلمین حسن روحانی نے آج ( بروز اتوار) سہ پہر کو رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای سے ملاقات کی۔ یہ ملاقات گیارہویں صدارتی انتخابات کے قطعی نتائج آنے کے بعد ہوئی ۔رہبر معظم انقلاب اسلامی نے اس ملاقات میں نئے صدرحجۃ الاسلام والمسلمین حسن روحانی کے لئے توفیق کی دعا کرتے ہوئے ان کو ضروری ہدایات اور سفارشات کیں۔